# اطلاعات و اعلانات

## (۱)

مسجد ھذا کی انتظامیہ کی جانب سے اطلاع دی جاتی ہے کہ مسجد ہذا جمعیت اہلحدیث (سندھ) کراچی کے تحت ہے۔ جس کے امیر الشیخ ابو محمد بدیع الدین شاہ راشدی صاحب اور ناظم اعلیٰ الشیخ پروفیسر عبداللہ ناصر رحمانی صاحب ہیں۔ ایک تنظیم جس کا نام تحریک نفاذ قران و سنت اور ان کے عہدیداران صالح محمد بلوچ، سلیم نوید، حنیف اثری اور محمد یونس کا مسجد ہذا سے کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ کوئی رابطہ آفس ہے۔ لہٰذا ان میں سے کوئی بھی عہدیدار اگر مسجد ہذا کا نام کسی طور پر بھی استعمال کرے گا تو ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

فقط

صدر مسجد منتظمہ کمیٹی مسجد ہذا

حاجی اسماعیل ادا بھائی

# خوشخبری

## (۲)

تمام اہلحدیث حضرات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اردو بازار لاہور میں توحید لیمینیشن و پرنٹنگ ایجنسی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ لہٰذا ہر قسم کے سستے اور معیاری اشتہارات، وزٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، شادی کارڈ وغیرہ کے لئے ہمارے پاس تشریف لائیں۔

ہم آپ کا کام معیاری اور حسب وعدہ دینے کے پابند ہوں گے۔

میاں محمد افضل پروپرائٹر: توحید لیمینیشن و پرنٹنگ ایجنسی
بالمقابل مسجد اہلحدیث الفضل مارکیٹ اردو بازار، لاہور

# انتقال (۴)

صوفی عبدالحمید مرحوم سابق امیر جمعیت اہل حدیث تلنبہ کی اہلیہ محمد سلیم، محمد طفیل کی والدہ اور مدثر طفیل ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث تلنبہ و جنرل سیکرٹری اہلحدیث یوتھ فورس تحصیل میاں چنوں کی دادی محترمہ یکم اگست ۹۳ء بروز اتوار صبح سات بجے قضائے الٰہی انتقال کر گئیں۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ نہایت صالحہ، پابند صوم و صلوۃ اور سلفی العقیدہ خاتون تھیں۔ ادارہ لواحقین کے غم میں شریک ہے اور قارئین کرام سے نماز جنازہ غائبانہ اور دعائے مغفرت کی درخواست کرتا ہے۔